
# کیا خدا نجومیوں اور نفسیات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے؟



24 امیزنگ فیکٹس اسٹڈی گائیڈ



اگر کوئی خود ساختہ نبی اچانک اُٹھ کھڑا ہو اور ہجوم کو متوجہ کرنے والے پیغامات، بیماروں کو شفا دینے، مردوں کو زندہ کرنے، آسمان سے آگ نازل کرنے، اور آپ کے ذاتی رازوں کو فاش کرنے کے ساتھ لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے لگے تو کیا آپ اُس مرد یا عورت پر یقین کریں گے ؟ کیا آپ کو یقین کرنا چاہیے ؟ آپ کی حتمی تقدیر براہ راست آپ کی سچے اور جھوٹے نبیوں میں فرق کرنے کی صلاحیت سے منسلک ہو سکتی ہے۔ لہٰذا یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ بائبل مقدّس واقعی اِس بر وقت موضوع کے بارے میں کیا کہتی ہے !



## 1

## کیا بائبل مقدّس یہ تعلیم دیتی ہے کہ زمین کے آخری ایام میں سچے نبی ہوں گے ؟

"خُدا فرماتا ہے کہ آخری دِنوں میں اَیسا ہو گا کہ میں اپنے رُوح میں سے ہر بشر پر ڈالوں گا اور تُمہارے بیٹے اور تُمہاری بیٹیاں نبُوّت کریں گی اور تُمہارے جوان رویا اور تُمہارے بُڈّھے خواب دیکھیں گے" (اعمال 2:17)۔

**جواب:** ہاں۔ مرد اور خواتین دونوں آخری دِنوں میں نبُوّت کریں گے (یوایل 2:28-32)۔

## 2

## یسُوع نے اپنے آسمان پر صعُود فرمانے پر اپنی کلیسیاء کو نبُوّت کی رُوح کی نعمت کے ساتھ ساتھ دیگر چار نعمتیں بھی عطا کیں: بعض کو رسُول، بعض کو نبی اور بعض کو مُبشر اور بعض کو اُستاد بنا کر دے دیا (افسیوں 4:7-11)۔ خُدا نے اِن نعمتوں کو کلیسیاء میں کیوں رکھا؟

"تاکہ مقدّس لوگ کامل بنیں اور خِدمت گُذاری کا کام کیا جائے اور مسیح کا بدن ترقّی پائے" (افسیوں 4:12)۔

**جواب:** یسُوع نے اپنے مقدّسوں کو لیس کرنے کے لیے پانچ نعمتیں عطا کیں۔ اگر ان پانچ نعمتوں میں سے کوئی بھی غائب ہو تو خُدا کی آخری وقت کی کلیسیاء کا مسلح رہنا ممکن نہیں ہے۔

Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright ©2011, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved



## 3
## بائبل مقدّس کے دِنوں میں ، نبُوّت کی نعمت صرف مردوں تک محدود تھی ؟

**جواب:** نہیں۔ بہت سے مردوں کے علاوہ جن کو نبُوّت کی نعمت ملی تھی ، خُدا نے کم از کم آٹھ خواتین کو بھی یہ نعمت بخشی : حنّاہ (لوقا 38-36:2)؛ مریم (خروج 20:15)؛ دبُورہ (قضاہ 4:4)؛ خُلدہ (2۔ سلاطین 14:22)؛ اور فلِپُّس مُبشر کی چار بیٹیاں (اعمال 9،8:21)۔

## 4
## اِن نعمتوں کو کب تک خُدا کی کلیسیا میں باقی رہنا تھا ؟

"جب تک ہم سب کے سب خُدا کے بیٹے کے اِیمان اور اُس کی پہچان میں ایک نہ ہو جائیں اور کامل اِنسان نہ بنیں یعنی مسیح کے پُورے قَد کے اندازہ تک نہ پُہنچ جائیں" (افسیوں 13:4)۔




**جواب:** وہ اُس وقت تک قائم رہیں گے جب تک کہ خُدا کے تمام لوگ متحد، بالغ مسیحی نہ ہو جائیں—جو یقیناً وقت کے آخر میں ہوں گے۔

## 5
## سچّے نبی اپنی معلومات کس ذرائع سے حاصل کرتے ہیں ؟

"کیونکہ نبُوّت کی کوئی بات آدمی کی خواہِش سے کبھی نہیں ہُوئی بلکہ آدمی رُوحُ القُدس کی تحرِیک کے سبب سے خُدا کی طرف سے بولتے تھے" (2۔ پطرس 21:1)۔



**جواب:** انبیاء رُوحانی معاملات میں اپنی ذاتی رائے کا اظہار نہیں کرتے۔ اُن کے خیالات یسُوع کی طرف سے، رُوح القُدس کی تحریک سے آتے ہیں۔



## 6
## خُدا نبیوں سے تین مختلف طریقوں سے بات کرتا ہے۔ یہ طریقے کیا ہیں ؟

"اگر تم میں کوئی نبی ہو تو میں جو خُداوند ہُوں اُسے رویا میں دِکھائی دُوں گا اور خواب میں اُس سے باتیں کرُوں گا"... بلکہ رُوبرُو اور صرِیح طور پر باتیں کرتا ہُوں" (گنتی 8،6:12)۔

**جواب:** رویا، خواب یا رُوبرُو ہے۔



## 7 رویا میں ایک سچے نبی کے جسمانی ثبوت کیا ہیں؟

**جواب:** ان چھ اہم نکات پر غور کریں:

الف۔ ابتدائی طور پر جسمانی طاقت سے محروم ہو جائے گا (دانی ایل 8:10)۔

ب۔ بعد میں مافوق الفطرت طاقت حاصل کر سکتا ہے (دانی ایل 10:18،19)۔

ج۔ جسم میں سانس نہیں رہتا (دانی ایل 10:17)۔

د۔ بات کرنے کے قابل ہوتا ہے (دانی ایل 10:16)۔

ہ۔ زمینی ماحول سے بے خبر ہوتا ہے (دانی ایل 10:5-8؛ 2۔کرنتھیوں 12:2-4)۔

و۔ آنکھیں کھلی ہوں گی (گنتی 24:4)۔

بائبل مقدّس کے یہ چھ نکات رویا میں ایک سچے نبی کے جسمانی شواہد فراہم کرتے ہیں۔ یہ سب ہمیشہ ایک ساتھ نظر نہیں آتے۔ ایک نبی کی رویا ایک ساتھ تمام چھ ثبوتوں کو ظاہر کیے بغیر حقیقی ہو سکتی ہے۔

## 8 کیا عظیم معجزات کا کام اس بات کا ثبوت ہے کہ ایک نبی خُدا کا ہے؟

"یہ شَیاطِین کی نِشان دِکھانے والی رُوحیں ہیں" (مکاشفہ 16:14)۔



**جواب:** نہیں۔ شیطان اور اُس کے پیروکاروں میں بھی معجزے کرنے کی طاقت ہے۔ معجزات صرف ایک چیز کو ثابت کرتے ہیں: مافوق الفطرت طاقت۔ لیکن ایسی طاقت خُدا اور شیطان دونوں کی طرف سے آتی ہے (استثنا 13:1-5؛ استثنا 13:13،14)۔

## 9 آخری وقت کے کن خوفناک خطرات کے متعلق یسُوع ہمیں متنبہ کرتے ہیں؟

"کیونکہ جُھوٹے مسیح اور جُھوٹے نبی اُٹھ کھڑے ہوں گے اور اَیسے بڑے نِشان اور عجِیب کام دِکھائیں گے کہ اگر ممکن ہو تو برگزِیدوں کو بھی گُمراہ کر لیں" (متی 24:24)۔

**جواب:** خُدا ہمیں جھوٹے مسیحوں اور جھوٹے نبیوں کے بارے میں خبردار کرتا ہے جو اس قدر قائل کرنے والے ہوں گے کہ وہ سب کو دھوکہ دیں گے سوائے خُدا کے چنے ہوئے لوگوں کے۔ اربوں دھوکہ کھائیں گے اور کھو جائیں گے۔



## 10 میں یہ کیسے معلوم کر سکتا ہوں کہ ایک نبی سچا ہے یا جھوٹا؟

"شرِیعت اور شہادت پر نظر کرو۔ اگر وہ اِس کلام کے مطابِق نہ بولیں تواُن کے لئے صُبح نہ ہو گی" (یسعیاہ 8:20)۔

**جواب:** خُدا کے کلام، بائبل مقدّس کے ذریعے اُن کی تعلیمات اور طرزِ عمل کی جانچ کریں۔ اگر وہ کلام پاک کے خلاف تعلیم دیتے اور برتاؤ کرتے ہیں تو وہ جھوٹے نبی ہیں اور "اُن میں کوئی روشنی نہیں ہے۔"

## 11 کیا بائبل مقدّس میں بعض خاص قسم کے جھوٹے نبیوں کا نام لیا گیا ہے اور اُن کی مذمت کی گئی ہے؟

**جواب:** جی ہاں۔ (اِستثناء 18:10-12) اور (مکاشفہ 21:8) مندرجہ ذیل قسم کے جھوٹے نبیوں کے خلاف بات کرتے ہیں:

الف۔ نجومی — فال دیکھنے والا۔

ب۔ جادو گر — وہ جو مرنے والوں کی رُوحوں سے ملاقات کرنے کا دعوی کرتے ہیں۔

ج۔ جادو گر و مرنے والوں کی رُوحوں سے کام لینے کا دعوی کرتا ہے۔

د۔ وہ جو جادو ٹونا — فال نکالنے کی مشق کرتا ہے۔


ھ۔ وہ جو شگون کی ترجمانی کرتا ہے — وہ جو منتر کرتا ہے یا جادو کا استعمال کرتا ہے۔

و۔ رُوح پرست وہ — جو مرنے والوں سے بات کرنے کا دعوی کرتا ہے

ز۔ جادو گرنی یا افسوں گر (KJV) — نفسیاتی عورت یا مرد۔

اِن بیشتر جھوٹے نبیوں کا دعٰوی ہے کہ وہ مردوں کی رُوحوں سے رابطہ رکھتے ہیں۔ بائبل مقدّس واضح طور پر بیان کرتی ہے کہ مرنے والے زندہ لوگوں سے رابطہ نہیں کر سکتے۔ (مطالعاتی گائیڈ نمبر 10 میں موت سے متعلق مزید معلومات شامل ہیں)۔ جن کو مرِدوں کی رُوحیں سمجھتے ہیں وہ شیطانی فرشتے اور شیاطین ہیں (مکاشفہ 16:13، 14)۔ کرسٹل بالز، ہاتھ کی لکیریں پڑھنا، تاش کے پتوں کا استعمال، ستاروں کا علم اور مردوں کی رُوحیں سمجھ کر اُن سے بات کرنا خُدا کا طریقہ کار نہیں ہے۔ کہ وہ لوگوں سے بات چیت کرے۔ کلام پاک صاف طور پر سکھاتا ہے کہ ایسی تمام چیزیں مکروہ ہیں (اِستثنا 18:12)۔ اور بدتر، جو لوگ اِس میں شامل رہتے میں وہ خُدا کی بادشاہی سے باہر رہیں گے (گلتیوں 5:19-21؛ مکاشفہ 21:8؛ 22:14، 15)۔





## 12 کیا ایک سچے نبی کا کام بنیادی طور پر کلیسیا کی خدمت کرنا ہے یا بے ایمانوں کی خدمت کرنا؟

"اور نبوّت بے ایمانوں کے لئے نہیں بلکہ ایمان داروں کے لئے نِشان ہے" (1۔ کرنتھیوں 22:14)۔

**جواب:** بائبل مقدّس واضح ہے۔ اگرچہ ایک نبی کا پیغام بعض اوقات عوام کی اصلاح کر سکتا ہے، لیکن نبوّت کا بنیادی مقصد کلیسیا کی خدمت کرنا ہے۔

## 13 کیا خُدا کی آخری وقت کی کلیسیاء کے پاس نبوّت کی رُوح کی نعمت ہے؟


**جواب:** مطالعاتی گائیڈ نمبر 23 میں،، ہم نے دریافت کیا کہ یسُوع اپنی آخری وقت کی بقیہ کلیسیاء کو چھ نکاتی وضاحتیں پیش کرتا ہے۔ آیئے اِن چھ نکات پر نظر ثانی کرتے ہیں:

- **الف۔** یہ سن 538 سے 1798 عیسوی کے درمیان ایک باضابطہ تنظیم کے طور پر موجود نہیں ہوگی۔
- **ب۔** یہ سن 1798 کے بعد نمودار ہوگی اور اپنا کام کرے گی۔
- **ج۔** یہ دس احکام کو برقرار رکھے گی، جس میں ساتواں دن سبت بھی شامل ہے۔
- **د۔** اُس میں نبوّت کی رُوح کی نعمت بھی ہوگی۔
- **ھ۔** یہ ایک عالمگیر مشنری کلیسیا ہوگی۔
- **و۔** یہ یسُوع کے (مکاشفہ 14:6-14) کے تین نکاتی پیغام کی تعلیم اور تبلیغ کرے گی۔

یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ خُدا کی آخری وقت کی کلیسیاء کو یسُوع کے تمام چھ وضاحتی نکات پر پُورا اُترنا چاہئے۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ نبوّت کی رُوح کی نعمت کا شامل ہونا ضروری ہے، اُس میں ایک نبی ہوگا۔

## 14 جب آپ خُدا کی آخری وقت کی کلیسیاء میں شامل ہو جاتے ہیں، جس کے پاس تمام نعمتیں ہوتی ہیں تو، اِس سے آپ پر کیا اثر پڑے گا؟

"تاکہ ہم آگے کو بچّے نہ رہیں اور آدمیوں کی بازِیگری اور مکاری کے سبب سے اُن کے گُمراہ کرنے والے منصوبوں کی طرف ہر ایک تعلیم کے جھوکے سے موجوں کی طرح اُچھلتے بہتے نہ پھِریں" (افسیوں 14:4)۔



**جواب:** یہ آپ کو رُوحانی طور پر لنگر انداز کرے گا۔ اب آپ اپنے عقائد میں غیر یقینی اور غیر مستحکم نہیں رہیں گے۔

## 15 پولُس رسُول نے، (1۔ کرنتھیوں 12:1-18) میں، یسُوع کی طرف سے کلیسیا کو دیے گئی نعمتوں کو جسم کے حصّوں سے تشبیہ دی ہے۔ کہ جسم کا کون سا حصّہ نبُوّت کی نعمت کی بہترین نمائندگی کرتا ہے؟

"اگلے زمانہ میں اِسرائیلیوں میں جب کوئی شخص خُدا سے مشورہ کرنے جاتا تو یہ کہتا تھا کہ آؤ ہم غَیب بِین کے پاس چلیں کیونکہ جِس کو اَب نبی کہتے ہیں اُس کو پہلے غَیب بِین کہتے تھے" (1۔ سموئیل 9:9)۔

**جواب:** چونکہ نبی کو بعض اوقات غیب بین کہا جاتا ہے (جو شخص مستقبل میں دیکھ سکتا ہے)، آنکھیں نبُوّت کی نعمت کی بہترین نمائندگی کرتی ہیں۔



## 16 چونکہ نبُوّت کلیسیا کی آنکھ ہے، ایک کلیسیا جس میں نبُوّت کی نعمت نہ ہوں وہ کس حالت میں ہوگی؟



**جواب:** وہ اندھی ہوگی۔ یسُوع نے بعد کے خطرات کا حوالہ دیا جب اُس نے کہا۔ "اور اگر اندھے کو اندھا راہ بتائے گا تو دونوں گڑھے میں گریں گے" (متی 15:14)۔

## 17 کیا لازمی ہے خُدا کی بقیہ کلیسیاء کے پاس تمام نعمتیں موجود ہوں جو مسیح نے دیں؟

**جواب:** جی ہاں۔ صحیفے واضح طور پر سکھاتے ہیں کہ خُدا کی آخری وقت کی کلیسیا" میں کسی نعمت کی نہیں آئے گی،" جس کا مطلب ہے کہ اُس کے پاس تمام نعمتیں ضرور ہوں گی، بشمول نبُوّت کی رُوح کی نعمت کے (1۔ کرنتھیوں 1:5-8)۔

☑ بعض رسُول ☑ بعض نبی ☑ بعض مُبشر ☑ بعض چرواہے ☑ اور بعض اساتذہ

## 18

(مکاشفہ 17:12) نشاندہی کرتا ہے کہ خُدا کی آخری وقت کی بقیہ کلیسیاء کے پاس "یسُوع مسیح کی گواہی ہو گی۔" (مکاشفہ 10:19) کہتا ہے کہ "کیونکہ یسُوع کی گواہی نبوّت کی رُوح ہے" کیا ہم یقین کر سکتے ہیں کہ اِس کا مطلب یہ ہے کہ کلیسیا کا ایک نبی ہو گا؟




**جواب:** ہاں۔ایک فرشتہ نے (مکاشفہ 19:10) میں یوحنا رسول کو بتایا کہ وہ یوحنا کے ہم خدمت ساتھیوں خادم تھا، "اُس کے بھائیوں" میں سے ایک جو یسُوع کی گواہی رکھتا ہے۔ اُس فرشتہ نے (مکاشفہ 9:22) میں یکساں معلومات کو دہرایا؛ "میں آپ کے ہم خدمت بھائیوں نبیوں میں سے ہوں۔" اس بار غور کریں کہ اُس نے اپنے آپ کو یسُوع کی گواہی دینے کے بجائے ایک نبی کہا۔ پس "یسُوع کی گواہی" اور نبی ہونے کا مطلب ایک ہی ہے۔

## 19

"یسُوع کی گواہی" کے الفاظ اور کیا خاص اہمیت رکھتے ہیں؟




**جواب:** "یسُوع کی گواہی" کا مطلب یہ ہے کہ نبی کے الفاظ یسُوع کی طرف سے ہیں۔ ہم ایک سچے نبی کے الفاظ کو یسُوع کی طرف سے اپنے لئے ایک خصوصی پیغام کے طور پر مانتے ہیں۔ (مکاشفہ 1:1؛ عاموس 7:3)۔ ایک سچے نبی پر، کسی بھی طرح، ملامت کرنا انتہائی خطرناک ہے۔ یہ یسُوع پر ملامت کرنے کے مترادف ہے، جو اُنہیں بھیجتا ہے اور اُن کی رہنمائی کرتا ہے۔ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ خُدا خبردار کرتا ہے، "اور میرے نبیوں کو کوئی نُقصان نہ پہُنچاؤ" (زبور 15:105)۔

## 20

ایک سچے نبی کے لئے بائبل مقدّس کی خصوسی شرائط کیا ہے؟

**جواب:** ایک سچے نبی کی جانچ کے لیے بائبل مقدّس کے خصوصی نکات درج ذیل ہیں:

الف۔ دین داری کی زندگی بسر کرنا (متی 20-15:7)۔

ب۔ خُدا کی طرف سے خدمت میں بلایا گیا ہو (یسعیاہ 10-1:6؛ یرمیاہ 10-5:1؛ عاموس 15،14:7)۔

ج۔ بائبل مقدّس کے مطابق بولیں اور لکھیں (یسعیاہ 20،19:8)۔

د۔ جس کی پیش گوئی کریں وہ سچ ہو (استثنا 22-20:18)۔

ہ۔ اُن پر رویائیں نازل ہوں گی (گنتی 6:12)۔

## 21 کیا خُدا نے اپنی آخری وقت کی بقیہ کلیسیا میں ایک نبی کو بھیجا؟

**جواب:** جی ہاں، اُس نے بھیجا! یہاں مختصر تفصیلات میں :

**خُدا ایک نوجوان خاتون کو بلاہٹ** دیتا ہے جب خُدا کی آخری وقت کی کلیسیاء سن 1840 کی دہائی کے اوائل میں بننا شروع ہوئی اور اُسے رہنمائی کی اشد ضرورت تھی۔ لہذا، (عاموس 7:3) کے اپنے وعدے کے مطابق خُدا نے ایلن ہارمون نامی ایک نوجوان عورت کو اپنی نبیّہ ہونے کے لئے بلایا۔ ایلن نے بلاہٹ قبول کی۔ وہ نو سال کی عمر میں ایک حادثے میں زخمی ہو گئی تھیں اور اُنہیں صرف تین سال کی رسمی تعلیم کے ساتھ سکول چھوڑنا پڑا۔ اُن کی صحت یہاں تک بگڑ گئی کہ جب 17 سال کی عمر میں خُدا نے پکارا تو اس کا وزن صرف 70 پاؤنڈ تھا۔ اُس کے زندہ رہنے کی اُمیّد ترک کر دی گئی تھی۔



**اُس نے 70 سال خدمت کی** ایلن نے اِس فہم کے ساتھ خُدا کی بلاہٹ کو قبول کیا کہ وہ اُسے جسمانی طور پر قابل بنائے گا اور اُسے عاجز رکھے گا۔ وہ 70 سال سے زیادہ عرصہ زندہ رہی اور 87 سال کی عمر میں وفات پا گئی۔ اُس نے اصرار کیا کہ اُس کا مقصد اور کام کلیسیاء اور اُس کے ارکان کو بائبل مقدّس کی طرف متوجہ کرنا تھا- جو اُس کا عقیدہ تھا- اور یسُوع کی راستبازی کی مفت بخشش کی طرف۔ ایلن اِس مطالعاتی گائیڈ میں مذکور نبی کے ہر امتحان۔ پر پورا اُتری۔

**اُس کا تخلص اور کتابیں** ایلن کی شادی جیمس وائٹ نامی شخص سے ہوئی جو ایک پادری تھا۔ اور پھر اُس کا تخلص اور نام کتابوں میں یوں لکھا گیا مسز ایلن جی وائٹ، وہ دُنیا کی سب سے کامیاب خواتین مصنفین میں سے ایک بن گئیں۔ اُس کی کتابیں، دُنیا بھر میں پڑھی جاتی ہیں، صحت، تعلیم، پرہیز گاری، مسیحی گھر، والدین، اشاعت اور تحریر، ضرورت مندوں کی مدد، مختاری، انجیلی بشارت، مسیحی زندگی، اور بہت کچھ کے بارے میں الہامی مشورے دیتی ہیں۔ اُس کی کتاب "تعلیم" کو تعلیمی شعبے میں ایک اتھارٹی سمجھا جاتا ہے۔ کولمبیا یونیورسٹی کے سابق پروفیسر آف ایجوکیشن ڈاکٹر فلورنس اسٹریٹمیئر نے کہا کہ اِس کتاب میں "جدید تعلیمی تصورات" شامل ہیں اور "اپنے وقت سے پچاس سال آگے ہیں"۔ "کارنیل یونیورسٹی میں سابق غذائیت کے پروفیسر ڈاکٹر کلائیو میکے نے صحت سے متعلق اپنی تحریروں کے بارے میں کہا: "اِس حقیقت کے باوجود کہ مسز وائٹ تحریریں جدید سائنسی غذائیت کی آمد سے بہت پہلے لکھی گئی تھیں، آج اِس سے بہتر کوئی گائیڈ دستیاب نہیں ہے۔" مرحوم کے نیوز کاسٹر پال ہاروی نے کہا کہ اُنہوں نے "غذائیت کے موضوع پر اتنی گہری تفہیم کے ساتھ لکھا ہے کہ اُن کے متعدد اصولوں میں سے دو کے علاوہ باقی سب سائنسی لحاظ سے قائم ہو چکے ہیں۔" مسیح کی حیاتِ اقدّس پر اُن کی کتاب زمانوں کی اُمنگ "دی ڈیزائر آف ایجز"، کو لندن کے اسٹیشنر زہال نے "انگلش کے عظیم شاہکار" کا نام دیا ہے۔ یہ دل دہلا دینے والا اور وضاحت سے بالا تر ہے۔ اُنہوں نے سن 1905 میں کہا تھا کہ کینسر ایک جراثیم (یا وائرس) ہے، جس کی میڈیکل سائنس نے صرف 1950 کی دہائی میں ہی توثیق کرنا شروع کر دی تھی۔ ایلن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اب تک کی چوتھی سب سے زیادہ ترجمہ شدہ مصنفہ ہیں۔ مسیحی زندگی پر مبنی اِس کی کتاب، تقربِ خُدا، 150 سے زیادہ زبانوں اور بولیوں میں ترجمہ ہو چکی ہے۔ (اِس متاثر کن کتاب کی مفت کاپی کے لئے، براہ کرم آمیزنگ فیکٹس کو لکھیں)۔



## 22 کیا ایلن جی وائٹ نے رویائیں دیکھیں؟

**جواب:** جی ہاں—اِن میں بہت سی رویائیں، چند منٹ سے چھ گھنٹے تک جاری رہیں۔ اور وہ بائبل مقدّس کے رویا کے معیار پر پورا اترتی ہیں جیسا کہ اِس مطالعاتی گائیڈ کے سوال نمبر 7 کے جواب میں بیان کیا گیا ہے۔


## 23 کیا ایلن جی وائٹ کی تحریریں بائبل کا حصّہ بنیں یا بائبل مقدّس میں اضافہ کرنا چاہتی ہیں؟

**جواب:** نہیں، عقیدہ صرف بائبل مقدّس سے آتا ہے۔ ایک آخری وقت کی نبیّہ کے طور پر، اُس کا مقصد یسُوع کی محبّت اور اُس کی جلد واپسی پر زور دینا تھا۔ اُس نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ اُس کی خدمت کریں اور اُس کی راستبازی کو مفت بخشش کے طور پر قبول کریں۔ اُس نے لوگوں کی توجہ آخری وقت کے لیے بائبل مقدّس کی پیشینگوئیوں کی طرف بھی مبذول کروائی—خاص طور پر آج کی دُنیا کے لیے یسُوع کا تین نکاتی پیغام (مکاشفہ 14-6:14)۔ اُس نے زور دیا کہ وہ اُمید کے اِن پیغامات کی پوری دُنیا میں جلد اور فوری تشہیر کریں۔

## 24 کیا ایلن جی وائٹ کی تحریریں صحیفوں سے ہم آہنگ ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! اُس کی تحریریں کلام پاک سے سیر ہیں۔ اُن کا واضح مقصد لوگوں کی بائبل مقدّس کی طرف توجہ مبذول کرنا تھا۔ اُس کی تحریریں کبھی بھی خُدا کے کلام سے متصادم نہیں ہوتی ہیں۔






## 25 میں ایلن جی وائٹ کو ایک سچی نبیّہ کے طور پر کیسے قبول کر سکتا ہوں، کیوں کہ مجھے نہیں معلوم کہ اُس نے کیا لکھا ہے؟

**جواب:** آپ اُس وقت تک نہیں کر سکتے۔ جب تک آپ اُس کی تحریروں کو نہیں پڑھتے ہیں۔ البتہ، آپ جان سکتے ہیں کہ (1) خُدا کی آخری وقت کی حقیقی کلیسیاء میں ایک نبی ہو نا ضروری ہے، (2) ایلن جی وائٹ ایک نبی کی کسوٹی پر پورا اُتری اور جو (3) اُس نے ایک نبیانہ کا کام کیا۔ ہم آپ کو اُس کی کتابوں میں سے ایک کو حاصل کرنے اور پڑھنے کے لئے آپ سے درخواست کرتے ہیں۔ ("زمانوں کی اُمنگ" کی کتاب سے حقائق معلوم کرنے کے لئے آمیزنگ فیکٹس سے سستی کاپی خریدی جاسکتی ہے)۔ جیسے ہی آپ اِسے پڑھتے ہو، اپنے آپ سے پوچھیں کہ کیا یہ آپ کو یسُوع کی طرف راغب کرتی ہے اور اگر یہ بائبل مقدّس کے موافق ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ آپ کو یہ بالکل دلچسپ نسخہ پائیں گے۔ یہ آپ کے لئے لکھا گیا ہے!

## 26 پولُس رسُول ہمیں نبی کے بارے میں کیا تین نکاتی پیغام دیتا ہے؟

"نبوّتوں کی حقارت نہ کرو۔ سب باتوں کو آزماؤ۔ جو اچھی ہو اُسے پکڑے رہو" (1۔ تھسلنیکیوں 5:20، 21)۔



**جواب:** پولُس رسُول کا کہنا ہے کہ ہمیں کسی نبی کو حقیر نہیں جاننا چاہئے نہ رُوحوں کر بجھاو۔ بلکہ، ہمیں بائبل مقدّس کے ذریعے احتیاط سے جانچنا چاہیے کہ نبی کیا کہتا ہے اور کیا کرتا ہے۔ یہ وہی ہے جو یسُوع آج اپنے آخری وقت کے لوگوں سے پوچھتا ہے۔

## 27 یسُوع ایک صادق نبی کے کلام اور مشورت کے رَد ہونے پر کس طرح دیکھتا ہے؟

**جواب:** یسُوع نے ایک سچے نبی کے انکار کو خُدا کی مرضی کو رَد کرنے کے طور پر شمار کیا ہے (لوقا 7:28-30)۔ مزید اُنہوں نے کہا کہ "اُس کے نبیوں کا یقین کرو تو تم کامیاب ہو گے" (2۔ تواریخ 20:20)۔




## 28 کیا آخری وقت کے سچے نبی نئے عقیدے کی اِبتدا کرتے ہیں، یا پختہ عقیدہ براہِ راست بائبل مقدّس سے آتا ہے؟

**جواب:** آخری وقت کے سچے نبی عقائد کی اِبتدا نہیں کرتے، (مکاشفہ 22:18، 19)۔ بائبل مقدّس تمام عقائد کا ماخذ ہے۔ تاہم سچے نبی اِس کی پیروی کرتے ہیں:

الف۔ بائبل کے عقائد کے دلچسپ نئے پہلوؤں کو ظاہر کریں جو نبی کے ذریعہ بتائے جانے تک واضح نہیں تھے۔ (عاموس 7:3)۔

ب۔ خُدا کے لوگوں کو یسُوع کے ساتھ رفاقت میں چلنے اور اُس کے کلام کے گہرے مطالعہ میں رہنمائی کرتے ہیں۔

ج۔ خُدا کے لوگوں کو بائبل مقدّس کے مشکل، غیر واضح، یا پوشیدہ حصّوں کو سمجھنے میں مدد کریں تا کہ وہ اچانک ہمارے لیے زندہ ہو جائیں اور بڑی خوشی کا باعث بنیں۔

د۔ خُدا کے لوگوں کو جنونیت، دھوکہ دہی، اور رُوحانی حماقت سے بچانے میں مدد کریں۔

ہ۔ خُدا کے لوگوں کو آخری وقت کی پیشینگوئیوں کو سمجھنے میں مدد کریں جو، روزمرہ کی خبروں کے واقعات سے تصدیق شدہ، اچانک نئے معنی اختیار کر لیتی ہیں۔

و۔ خُدا کے لوگوں کو مسیح کی جلد آمد اور دُنیا کے خاتمے کی یقین دہانی کو سمجھنے میں مدد کریں۔

یسُوع سے گہری محبّت کے لئے، بائبل مقدّس کے بارے میں ایک نیا جوش و خروش، اور بائبل مقدّس کی پیشینگوئیوں کی تازہ سمجھ کے لیے— خُدا کے آخری وقت کے نبی کو سُنیں۔ آپ کو شاندار نئی جہتوں پر لے جانے والی زندگی مل جائے گی، یاد رکھیں، یسُوع نے کہا کہ وہ اپنی آخری وقت کی کلیسیاء کو مددگار نبُوّتی پیغامات کے ساتھ برکت دے گا۔ خُداوند کی تعریف ہو! وہ سب کچھ کر رہا ہے جو آسمان سے اپنے آخری وقت کے لوگوں کے لیے کر سکتا ہے۔ وہ اپنے لوگوں کو بچانے اور اپنی اَبدی بادشاہی میں لے جانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ جو لوگ اُس کی پیروی کرتے ہیں اُنہیں جنت میں داخلے کی ضمانت دی ہے (متی 19:27-29)۔

نوٹ: یہ (مکاشفہ 14:6-14) میں تین فرشتوں کے پیغامات کے موضوع پر نویں اور آخری مطالعاتی گائیڈ ہے۔ دیگر اہم مضامین پر تین دلچسپ مطالعاتی گائیڈز باقی ہیں۔

## 29 کیا آپ ایلن جی وائٹ کی تحریروں کو صحیفے کے ذریعے جانچنے اور اُس کی نصیحت کو قبول کرنے کے لیے تیار ہیں اگر یہ بائبل مقدّس کے مطابق ہے؟

آپ کا جواب: ☐

# آپ کے سوالات کے جوابات

## 1۔ جب ایک کلیسیاء میں نبی نہیں ہوتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

**جواب:** "جہاں رویا نہیں وہاں لوگ بے قَید ہو جاتے ہیں لیکن شرِیعت پر عمل کرنے والا مُبارک ہے" (امثال 18:29) جب ایک کلیسیاء کے پاس مشورہ کرنے، رہنمائی کرنے کے لئے نبی نہیں ہوتا ہے،۔ اور اُس کی یسُوع اور بائبل مقدّس کی طرف واپس رہنمائی کریں، لوگ ڈگمگا کر چلیں گے (زبور 9:74،10) اور آخر کار، ہلاک ہو جائیں۔

## 2۔ کیاآب اور یسُوع کی دوسری آمد کے درمیان مزید سچے نبی ظاہر ہوں گے؟

**جواب:** یوایل 28:2،29 کی بنیاد پر یہ یقینی طور پر ممکن ہے، وہاں جھوٹے نبی بھی ظاہر ہو جائینگے (متی 15:7؛ 11:24،24)۔ ہمیں بائبل مقدّس کے ذریعہ نبیوں کی آزمائش کے لئے تیار رہنا چاہیئے (یسعیاہ 19:8،20؛ 2۔ تیمتھیس 15:2)، اُن کے مشورے پر صرف اُس صورت میں عمل کریں جب وہ حقیقی ہوں۔ خُدا جانتا ہے کہ لوگوں کو جگانے، اُن کو متنبہ کرنے اور اُنہیں یسُوع اور اُس کے کلام کی طرف موڑنے کے لیے کب نبیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اُس نے ایک نبی (موسیٰ) کو اپنے لوگوں کو مصر سے نکالنے کے لئے بھیجا (ہوسیع 13:12)۔ اُس نے ایک نبی (یوحنا اصطباغی) کو بھیجا تاکہ لوگوں کو یسُوع کی پہلی آمد کے لیے تیار کیا جا سکے (مرقس 1:1-8)۔ اُس نے اِن آخری اوقات کے لیے پیشینگوئی کے پیغامات کا بھی وعدہ کیا۔ خُدا ہمیں بائبل مقدّس اور اُس کے آخری دن کی پیشینگوئیوں کی طرف اشارہ کرنے کے لیے نبی بھیجتا ہے۔ ہمیں مضبوط کرنے، حوصلہ دینے اور یقین دلانے کے لیے؛ اور ہمیں یسُوع جیسا بنانا۔ تو آیئے پیشینگوئی کے پیغامات کا خیر مقدم کریں اور ہماری ذاتی بھلائی کے لیے بھیجنے پر خُدا کی تعریف کریں۔

## 3۔ موجودہ زمانہ میں زیادہ تر کلیسیاؤں کے پاس نبُوّت کی رُوح کی نعمت کیوں نہیں ہے؟

**جواب:** نوحہ 9:2 کہتا ہے، "اُس کے بادشاہ اور اُمرا بے شرِیعت اقوام میں ہیں۔ اُس کے نبی بھی خُداوند کی طرف سے کوئی رویا نہیں دیکھتے" (KJV)۔ حزقی ایل 26:7، یرمیاہ 4:26-6، حزقی ایل 12:20-16، اور امثال 18:29 یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ جب خُدا کے لوگ کھلم کھلا اُس کے احکام کو نظر انداز کرتے ہیں تو نبیوں کو اُس کی طرف سے کوئی رویا نہیں ملتی۔ جب وہ اُس کے حکموں پر عمل کرنے لگتے ہیں، تو وہ حوصلہ افزائی اور رہنمائی کے لیے ایک نبی بھیجتا ہے۔ جب خُدا کی آخری وقت کی بقیہ کلیسیا اُس کے تمام احکام کو برقرار رکھتے ہوئے نمودار ہوئی—بشمول سبت کا حکم، یہ ایک نبی کا وقت تھا۔ اور خُدا نے مقررہ وقت پر اُسے بھیجا۔

## 4۔ آپ نبُوّت کی رُوح کی نعمت کو معنی خیز بنانے کے لئے کیا کر سکتے ہیں؟

**جواب:** خود اپنے لیے اِس کا مطالعہ کریں اور دُعا کے ساتھ اِس پر عمل کریں تاکہ یسُوع اپنی آمد ثانیؔ کے لئے تیاری میں آپ کی رہنمائی کر سکے۔ "میں تُمہارے بارے میں خُدا کے اُس فضل کے باعِث جو مسیح یِسُوعؔ میں تُم پر ہُؤا ہمیشہ اپنے خُدا کا شُکر کرتا ہُوں۔ کہ تُم اُس میں ہو کر سب باتوں میں کلام اور علم کی ہر طرح کی دَولت سے دَولت مند ہو گئے ہو۔ چُنانچہ مسیح کی گواہی تُم میں قائِم ہُوئی۔ یہاں تک کہ تُم کسی نِعمت میں کم نہیں اور ہمارے خُداوند یِسُوعؔ مسیح کے ظہُور کے مُنتظِر ہو۔" (1۔ کرنتھیوں 1:4-8)۔

## 5۔ کیا نبُوّت یا زُبانوں کی نعمت خُدا کی بقیہ کلیسیاء میں ایک بڑا کردار ادا کرے گی؟

**جواب:** نبُوّت کی نعمت مرکزی کردار ادا کرے گی۔ (1۔ کرنتھیوں 28:12) میں، دیگر تمام نعمت کی اہمیت کی فہرست بعد میں مندرج ہے، جبکہ زُبانوں کی نعمت سب سے آخر میں ہے۔ نبُوّت کی نعمت کے بغیر ایک کلیسیاء اندھی ہے۔۔ یسُوع اپنی آخری وقت کی کلیسیا کو اندھا پن کے خطرے سے خبردار کرتا ہے اور اُن پر زور دیتا ہے تاکہ وہ اپنی آنکھوں کو آسمانی سُرمہ سے مسح کریں تاکہ بینا ہو جائیں (مکاشفہ 17:3،18)۔ یہاں سُرمہ رُوح القُدس کی نمائندگی کرتی ہے

(1۔ یوحنا 2:20، 27؛ یوحنا 14:26)، جو کلیسیاء کو تمام نعمتیں عطا کرتا ہے (1۔ کرنتھیوں 12:4، 7-11)۔ خُدا کے نبی کے الفاظ پر دھیان دینے سے اُس کے آخری وقت کے لوگوں کو بائبل مقدّس کو سمجھنے میں مدد ملے گی اور بے یقینی اور اُلجھن سے بچا جائے گا۔

## 6۔ اگر ہم "صرف بائبل اور بائبل مقدّس" پر یقین رکھتے ہیں، تو کیا ہمیں جدید دَور کے نبیوں کو رد نہیں کر دینا چاہیے؟

**جواب:** بائبل مقدّس مسیحی عقیدہ کا واحد ذریعہ ہے۔ البتہ بائبل مقدّس میں بھی نشاندہی کی گئی ہے: نبُوّت کی نعمت خُدا کی کلیسیاء میں آخری وقت تک موجود ہو گی۔ (افسیوں 4:11، 13؛ مکاشفہ 12:17؛ 19:10؛ 22:9)۔ کسی نبی کی مشورت کو مسترد کرنا خُدا کی مرضی کو رَد کرنا ہے (لوقا 7:28-30)۔ ہمیں نبُوّتوں کی حقارت نہیں کرنا۔ سب باتوں کو آزماؤ۔ جو اچھی ہو اُسے پکڑے رہو۔ (1۔ تھسلنیکیوں 5:20، 21)۔ لہذا، جو لوگ "صرف بائبل مقدّس پر اپنا یقین رکھتے ہیں" انبیاء کے بارے میں کلام کی مشورت پر عمل کرنا چاہیۓ۔ سچے نبی ہمیشہ بائبل مقدّس کے مطابق بات کرتے ہیں۔ خُدا کے کلام سے متصادم نبی جھوٹے ہیں اور اُن کو رَد کر دینا چاہیے۔ اگر ہم نبیوں کو سُننے اور جانچنے میں ناکام رہتے ہیں، تو ہم اپنے اِیمان کی بنیاد پر کتابِ مقدّس پر نہیں رکھ رہے ہیں۔

**یہاں اپنی رائے یا سوالات لکھیں۔**

## یہ مطالعاتی گائیڈ نمبر 27 کی سیریز میں سے صرف ایک ہے!

ہر مطالعاتی گائیڈ حیرت انگیز حقائق سے بھرپور ہے جو آپ اور آپ کے خاندان کو متاثر کریں گی۔ کسی ایک کو مت چھوڑیں!

اسٹڈی گائیڈ 15 مخالفِ مسیح کون ہے؟
اسٹڈی گائیڈ 16 عرش سے فرشتوں کے پیغامات
اسٹڈی گائیڈ 17 منصوبہ نجات کا آسمانی ڈھانچہ
اسٹڈی گائیڈ 18 صحیح وقت پر! نبُوّتی فرمان کا ظہور
اسٹڈی گائیڈ 19 آخری عدالت
اسٹڈی گائیڈ 20 حَیوان کی چھاپ
اسٹڈی گائیڈ 21 بائبل کی پیشینگوئی میں امریکہ کا کردار
اسٹڈی گائیڈ 22 "دُوسری" عَورت
اسٹڈی گائیڈ 23 مسیح کی دُلہن
اسٹڈی گائیڈ 24 کیا خُدا نجومیوں اور نفسیات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے؟
اسٹڈی گائیڈ 25 کیا ہم خدا پر یقین رکھتے ہیں؟
اسٹڈی گائیڈ 26 ایک محبّت جو بدل دیتی ہے
اسٹڈی گائیڈ 27 پیچھے نہیں مڑنا

کیا آپ نے ہماری پہلی 14 مطالعاتی گائیڈز دیکھی ہیں؟ اگر نہیں، تو ضرور لکھیں:
**Amazing Facts India, Post Box No 51, Banjara Hills, Hyderabad - 500034**

# خلاصہ شیٹ

برائے مہربانی اس سمری شیٹ کو پُر کرنے سے پہلے اس سبق کو پڑھیں۔ تمام جوابات اسٹڈی گائیڈ میں مل سکتے ہیں۔
دُرست جواب کے ذریعے چیک Tick لگائیں۔ قوسین میں نمبر (1) صحیح جوابات کی تعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔
فارم کو پُر کرنے کے لیے برائے مہربانی "Adobe Reader" استعمال کریں۔

1۔ براہ کرم ذیل میں اُن اشیاء کو دیکھیں جو ہم معنی ہیں: (1)
- ☐ یسُوع کی گواہی
- ☐ نبُوّت کی نعمت
- ☐ زبانوں کی نعمت
- ☐ امردہ رُوحوں کے ساتھ گفتگو کرنا
- ☐ نبُوّت کی رُوح
- ☐ نفسیات کی پیشینگوئیاں
- ☐ کلیسیاء سے خطاب کرنے والے نبی

2۔ کیا خُدا مردوں اور عورتوں دونوں کو نبُوّت کی نعمت عطا کرتا ہے؟ (1)
- ☐ جی ہاں۔
- ☐ نہیں۔

3۔ افسیوں کے باب 4 کے مطابق، یسُوع مسیح نے اپنے آسمانی صعُود پر کلیسیا کو کون سی پانچ رُوحانی نعمتیں عطا کیں؟ (5)
- ☐ انبیاء
- ☐ چرواہے
- ☐ اساتذہ
- ☐ رسُول
- ☐ حمد و ثناء
- ☐ گواہی دینے والے
- ☐ ضرورت مندوں کے ساتھ بانٹنا
- ☐ مُبشّرانِ اِنجیل

4۔ یہ پانچ، نعمتیں بشمول نبُوّت کی نعمت کلیسیاء میں کب تک رہنی تھیں؟ (1)
- ☐ صرف اُس وقت تک کہ عہد نامہ جدید کے نبیوں کی موت نہیں ہوئی
- ☐ جب تک عدالت شروع نہیں ہوتی
- ☐ جب تک دُنیا کا خاتمہ نہیں آتا

5۔ بائبل مقدّس کے مطابق، نیچے دی گئی ذیل کی چیزوں میں کون سی در حقیقت ایک نبی کی رویا میں ہونی چاہیے۔ (5)
- ☐ بیگانہ زُبان میں باتیں کرتا ہے۔
- ☐ اردگرد کے زمینی ماحول سے بے خبر ہوتا ہے۔
- ☐ رویا کے دوران ہرگز نہیں بولتا۔
- ☐ آنکھیں کھلی رہتی ہیں۔
- ☐ مافوق الفطرت طاقت مل سکتی ہے۔
- ☐ اکثر پُر تشدد ہو جاتا ہے
- ☐ جسم میں دم نہیں ہوتا ہے۔
- ☐ شاید رویا میں کبھی کبھار بات کرتا ہے۔

6۔ معُجزانہ کام ہمیشہ اِس بات کا ثبوت ہے کہ وہ نبی خُدا کا ہے۔ (1)
- ☐ جی ہاں۔
- ☐ نہیں۔

7۔ میں یقین سے جان سکتا ہوں کہ نبی خُدا کا ہے اگر وہ مرد یا عورت (1)
- ☐ اگر وہ حسن سلوک میں مہربان اور رحیم ہے۔
- ☐ اگر حیرت انگیز معجزات کا کام کرتا ہے۔
- ☐ اگر بہت یادہ پُرکشش اور روشن ہے۔
- ☐ لگتا ہے بائبل مقدّس کو اچھی طرح جانتا ہے۔
- ☐ یسُوع کی طرح دِکھتا ہے۔
- ☐ کام اور کلام میں بائبل مقدّس کے ساتھ ہم آہنگی رکھتا ہے۔

8۔ مندرجہ ذیل میں سے جن کی بائبل مقدّس کی طرف سے مذمت نہیں کی جاتی ہے؟ (1)
- ☐ قسمت کا حال بتانا
- ☐ مرنے والوں کی رُوحوں سے رابطہ کرنا
- ☐ نفسیات کا کام
- ☐ علم نجوم
- ☐ ایک قول و فعل میں نبی بائبل مقدّس کے مطابق ہم آہنگ ہو
- ☐ جادو گری
- ☐ جادو کا استعمال کرتے ہوئے فال نکالتے ہیں

9۔ ایک نبی کا بنیادی کام کلیسیاء کی خدمت کرنا ہے۔ (1)
- ☐ جی ہاں۔
- ☐ نہیں۔

10۔ کوئی کلیسیاء بھی خُدا کی آخری وقت کی حقیقی کلیسیاء نہیں ہو سکتی جب تک کہ اُس میں سچا نبی نہ ہو۔ (1)
- ☐ سچ ہے۔
- ☐ غلط ہے۔

11۔ جسم کا کون سا حصّہ نبُوّت کی نمائندگی کرتا ہے؟ (1)
- ☐ مُنہ
- ☐ آنکھیں
- ☐ کان
- ☐ پاؤں
- ☐ ہاتھ

اگلے صفحے پر جاری ہے۔ ◀◀

12۔ یسوع کی دوسری آمد سے پہلے مزید حقیقی انبیاء آخری وقت میں ظاہر ہو سکتے ہیں۔(1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

13۔ صرف بائبل اور بائبل مقدّس "پر عمل کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ایک سچے نبی کو قبول کرنا ضروری ہے۔(1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

14۔ نبوّت کے بارے میں بائبل مقدّس (1۔ تھسلنیکیوں میں 5:20، 21) کن تین چیزوں کا حکم دیتی ہے؟(3)

☐ نبیوں اور اُن کی نبُوّتوں کی حقارت نہ کرو۔
☐ تمام نبیوں کی پیروی کریں۔
☐ بائبل مقدّس کے ذریعہ نبی کے قول و فعل کی جانچ کرو یا آزماؤ۔
☐ انبیاء سے پوچھیں اگر وہ سچے ہیں یا غلط
☐ سب باتوں کو آزماؤ۔ جو اچھی ہو اُسے پکڑے رہو۔
☐ تمام انبیاء کو نظر انداز کریں۔

15۔ جب ہم کسی سچے نبی کی صلاح کو مسترد کرتے ہیں تو، ہم خُدا کی مشورت کو مسترد کرتے ہیں۔(1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

16۔ آخری وقت کے سچے نبی بائبل مقدّس میں نہ پائے جانے والے نئے عقائد کی تعلیم دیتے ہیں۔(1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

17۔ کیوں زیادہ تر کلیسیاوں میں سچا نبی نہیں ہوتا؟(3)

☐ وہ آئیں تو اُن پر یقین نہیں کریں گے۔
☐ وہ خُدا کے تمام احکامات پر عمل نہیں کر رہے ہیں۔
☐ ان کے پاس وہ تمام روشنی ہے جو ایک نبی کے بغیر میسر ہے۔

18۔ صرف بائبل اور بائبل مقدّس "پر عمل کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ایک سچے نبی کو قبول کرنا ضروری ہے۔(1)

☐ سچ ہے۔ ☐ غلط ہے۔

19۔ نبوّت کی نعمت کے بغیر کلیسیا اندھی ہے۔(1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

20۔ میں کلام پاک کے ذریعہ ایلن وائٹ کی تحریروں کو جانچنے اور اُنہیں قبول کرنے کے لئے تیار ہوں اگر وہ بائبل مقدّس کے مطابق ہوں۔

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

اُوپر دیے گئے تمام سوالات کے جوابات دینا یقینی بنائیں!

AMAZING FACTS

**اندراج کے لیے اپنا نام، ای میل اور فون نمبر درج کریں۔**
**اپنی اگلی مفت مطالعاتی گائیڈ حاصل کرنے کے لیے "جمع کروائیں" پر کلک کریں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آپ کا نام: | | | | | |
| آپ کا ای میل: | | | | | |
| فون نمبر: | | | | | |
| آپ کا پتہ: | | | | | |
| شہر، ضلع: | | ریاست: | | ملک: | |
| پن: | | عمر گروپ: | | جنس: | |

جمع کروائیں

اپنے رابطے کی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔



www.AmazingFacts.org • www.AmazingFactsIndia.org • UrduBibleSchool@AFTV.in
© 2025 Amazing Facts International • All Rights Reserved • +91 9169164480